1 عمرانیات کا تعارف

INTRODUCTION TO SOCIOLOGY

اس باب میں آپ جانیں گے:

- عمرانیات کی تعریف و لغوی معنی
- عمرانیات کا دائرہ کار
- عمرانیات کا ہماری معاشرتی زندگی سے تعلق

عمرانیات معاشرے کی سائنس ہے۔ جس طرح معاشیات (Economics) و تاریخ (History) اور سیاسیات (Political Science) معاشرتی علوم (Social Studies) کہلاتے ہیں اسی طرح عمرانیات (Sociology) بھی ایک معاشرتی سائنس ہے۔

معاشیات ہماری زندگی کے صرف معاشی پہلوؤں کا مطالعہ کرتی ہے اور سیاسیات حکومتوں کے ردوبدل اور سیاسی نظام اور سیاسی اقتدار کی تقسیم کا مطالعہ کرتی ہے۔ تاریخ معاشرے کے گزرے ہوئے واقعات کا مطالعہ پیش کرتی ہے۔ عمرانیات معاشرے کا مجموعی طور پر مطالعہ پیش کرتی ہے۔ اس میں ان تمام واقعات اور حالات کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو لوگوں کی آپس میں رہن سہن کی زندگی سے پیدا ہوتے ہیں۔ آپس میں رہن سہن کے یہ حالات و واقعات معاشرتی واقعات یا سماجی حالات کہلاتے ہیں۔ یہ واقعات اور حالات چاہے معاشی ہوں، چاہے مذہبی یا خانگی ان سب کو معاشرتی واقعات کہا جاتا ہے اور ان کے مطالعے کا نام عمرانیات ہے۔

لفظی معنی

عمرانیات لاطینی اور یونانی الفاظ کا مجموعہ ہے۔ Socius (سوشیس) لاطینی زبان کا لفظ ہے اس کے معنی ہیں گروہ یا افراد۔ Logos/Logy (لوگس) یونانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں سمجھنا یا باضابطہ مطالعہ۔ لہٰذا سوشیالوجی کا مطلب گروہ یا افراد کا باضابطہ مطالعہ ہے۔ اردو میں اس کو عمرانیات اور معاشریات کہتے ہیں جبکہ ہندی میں اس کا نام سماجیات ہے۔

عمرانیات = عمران + یات
↓ ↓
معنی: افراد مطالعہ

Sociology	=	Socious +	logos
		↓	↓
Derived from:		Latin (لاطینی)	Greek(یونانی)
		↓	↓
Meaning:		People	To Study or to understand

لہٰذا معاشرہ یا افراد کا سائنسی مطالعہ عمرانیات کہلاتا ہے۔

عمرانیات کی تعریف اور وضاحت (Definition & Explanation of Sociology):

چند تعریفیں اور ان کی وضاحت پیش کی جاتی ہے۔

ڈبلیو۔جی۔سمنر (W.G.Sumner) نے عمرانیات کی تعریف میں کہا ہے:

"Sociology is the science of society".

"عمرانیات معاشرے کی سائنس ہے"۔

یعنی معاشرے میں جو واقعات، حالات یا حادثات رونما ہوتے ہیں، جو تبدیلیاں آتی ہیں، جتنے انقلاب آتے ہیں۔ لوگوں کی معاشرتی زندگی میں جتنے اتار چڑھاؤ آتے ہیں۔ لوگوں کی زرعی زندگی، زلزلہ اور دوسری آفتوں سے پیدا ہونے والے مسائل، ناخواندگی، پست معیار تعلیم اور طلبہ کی کثرت سے امتحانوں میں کامیابی وناکامی، غربت، گھریلو زندگی، شادی بیاہ، میاں بیوی کے مابین جھگڑا، علیحدگی وطلاق، معاشرتی درجہ بندی، سب عمرانیات کے علم کا حصہ ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> جدید عمرانیات کا بانی آگسٹ کومٹے ہے۔

میکس ویبر (Max Weber) نے کہا:

"Sociology is the study of social action".

"عمرانیات سماجی عمل کے مطالعہ کا نام ہے"

معاشرے کا فرد ہوتے ہوئے ہم مل کر جو کچھ کرتے ہیں اس کا مطالعہ بھی عمرانیات ہے جیسے مل کر کسی سیاسی لیڈر کی کنویسنگ کریں۔ نعرے لگائیں جھنڈے اٹھائیں۔ جلوس نکالیں یا کسی بھاری چیز کو مل کر اٹھائیں یا رکی ہوئی بس کو مل کر دھکا لگائیں تاکہ سٹارٹ ہو جائے یا باہمی امداد سے گاؤں کے لئے سڑک بنائیں۔ پل تعمیر کریں۔ نہر کھودیں، سکول بنائیں مسجد یا مدرسہ تعمیر کریں۔ استاد اپنے طلبہ کو پڑھائے۔ ڈاکٹر مریضوں کا علاج کرے۔ یہ سب سماجی عمل ہیں اور ان کا مطالعہ عمرانیات ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> ہندی زبان میں عمرانیات کو سماجیات کہتے ہیں۔

ٹیماشیف (Timasheff) نے عمرانیات کی تعریف میں لکھا ہے:

"Sociology is the science of men interdependence".

"عمرانیات ان افراد کے مطالعہ کا علم ہے جو ایک دوسرے کے محتاج ہوں۔"

یہ تعریف نہایت جامع ہے کیونکہ اس میں معاشرتی زندگی کے اہم پہلو کو روشن کیا گیا ہے یعنی

SOCIOLOGY NOTES FOR 1st YEAR CLASS (PUNJAB)

لوگ اس حالت میں ہوں کہ وہ ایک دوسرے کے محتاج ہوں اور ایک دوسرے سے مل جل کر اپنی زندگی کی ضروریات پوری کرتے ہوں۔ ہر فرد کسی نہ کسی رنگ میں معاشرے کے دیگر افراد کا محتاج ہے دوکاندار گاہک کا محتاج ہے تو گاہک دوکاندار کا حاجت مند ہے۔ مریض ڈاکٹر کا حاجت مند ہے تو ڈاکٹر کو بھی مریضوں کی ضرورت ہے۔ گویا معاشرے کے تمام افراد اپنی اپنی ضروریات پوری کرنے کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ بندھے ہوئے ہیں اور اس طرح کے تعلق سے جو حالات اور واقعات ظہور میں آتے ہیں ان کے مطالعے کا نام عمرانیات ہے۔ جیسا کہ نیچے تصویر میں واضح ہے۔



فرانسیسی مفکر **ڈرخائم** (Durkheim) کے مطابق:

"Sociology is the science of Social Institutions".

"عمرانیات معاشرتی اداروں کی سائنس ہے"

اس تعریف میں معاشرتی اداروں (جیسے تعلیم، خاندان، مذہب، معیشت، سیاست، تفریح وغیرہ) کے مطالعے کو عمرانیات کہا گیا ہے۔ مختلف ادارے انسانی معاشرے کے اعضاء کی حیثیت رکھتے ہیں، اگر ہم کسی معاشرے کا مطالعہ کرنا چاہیں تو اس کے ایک ایک عضو یعنی ادارے کا مطالعہ کافی ہوگا۔

ٹالکٹ پارسنز (Talcott Parsons) نے عمرانیات کی نہایت واضح تعریف لکھی ہے اس کے مطابق:

"Sociology is the scientific study of structure and function of human groups".

"عمرانیات وہ علم ہے جو انسانی گروہوں کی ساخت اور ان کے وظائف کا مطالعہ کرتا ہے"

کلاسیکی عمرانیات کا بانی۔ علامہ ابن خلدون

جدید عمرانیات کا بانی۔ آگسٹ کومٹے

عمرانیات کی ابتدا
(Origin of Sociology)

عمرانیات کی ابتداء فرانس سے ہوئی اور ایک مفکر آگسٹ کومٹے نے (1798-1857) اس علم کی بنیاد رکھی۔ کومٹے نے اس کا نام معاشرتی طبیعات (Social Physics) رکھا مگر بعد میں اس کو عمرانیات کا نام دیا گیا۔ کومٹے کے بقول جس طرح فزکس طاقت و حرکت کے قوانین کا مطالعہ کرتی ہے اسی طرح عمرانیات معاشرتی معاملات کا مطالعہ کرتی ہے۔ جبکہ ایک مسلمان مورخ علامہ ابن خلدون (1332-1406) نے آگسٹ کومٹے سے تقریباً 500 سال پہلے اس کو علم العمران کا نام دیا۔

عمرانیات کی ابتدا کے محرکات یا وجوہات
(Causes of Origin of Sociology)

علم عمرانیات کی پیدائش وارتقاء میں درج ذیل عناصر کا اہم کردار ہے۔

۱- فرانس کا صنعتی انقلاب
۲- سائنس کی ترقی
۳- نت نئے پیدا ہونے والے معاشرتی مسائل
۴- بدلتے ہوئے معاشرتی حالات
۵- سرمایہ دارانہ نظام

عمرانیات کا دائرہ کار
(Fields of Sociology)

وہ حدود جن میں رہ کر عمرانیات کے طلبہ معاشرے کا مطالعہ کرتے ہیں عمرانیات کا دائرہ کار کہلاتا ہے۔

www.downloadclassnotes.com

۱۔خاندان کی عمرانیات (Sociology of Family):

تعریف:

"عمرانیات کی وہ برانچ جو خاندان کی ساخت، وظائف، ارتقاء، مسائل اور اس کے دیگر سماجی پہلوؤں کا مطالعہ کرے اسے خاندان کی عمرانیات کہتے ہیں۔"

وضاحت:

خاندان معاشرہ کی بنیاد ہے عمرانیات میں خاندان کا مطالعہ نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ خاندان سے مراد میاں، بیوی اور بچوں پر مشتمل افراد کا گروہ ہے۔ کسی بھی معاشرہ اور اس کی ثقافت کو سمجھنے کے لئے اس کے خاندان کا مطالعہ نہایت ضروری ہے۔

اہم نکات:

خاندان کی عمرانیات درج ذیل عنوانات کا مطالعہ کرتی ہے:

۱۔ خاندان کی ابتداء، ارتقاء، ساخت اور نوعیت کا مطالعہ۔
۲۔ خاندان کے وظائف۔
۳۔ تربیت اور خودی کی بڑھوتری۔
۴۔ خاندان میں ہونے والی تبدیلیاں۔
۵۔ خاندان کو درپیش مسائل اور ان کا حل۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> جدید عمرانیات کی ابتدا انیسویں صدی میں ہوئی۔

۲۔دیہی کمیونٹی کی عمرانیات (Sociology of Rural Community):

تعریف:

"عمرانیات کی وہ برانچ جو دیہی ساخت، دیہی معاشرتی زندگی، دیہی مسائل اور دیہی ثقافتی انداز کا مطالعہ کرے۔ اسے دیہی عمرانیات کہتے ہیں۔"

وضاحت:

دیہی کمیونٹی دنیا کے تمام معاشروں میں پائی جاتی ہے جس میں خاص طرز کی بودوباش پائی جاتی ہے۔ سادہ ڈیزائن کے مکانات، سادہ پیشے اور معاشرتی تفاعل کے سادہ انداز پائے جاتے ہیں یعنی اس کی ساخت سادہ اور غیر رسمی ہوتی ہے۔ دیہی کمیونٹی میں اعلیٰ قسم کی شہری سہولتوں کا فقدان ہوتا ہے ہر وہ آبادی دیہی کمیونٹی کہلاتی ہے جہاں آبادی ۵۰۰۰ افراد سے کم ہو اور تعلیم، صحت

ٹرانسپورٹ جیسی دیگر شہری سہولتیں موجود نہ ہوں' اور لوگوں کی معاشی سرگرمیاں اور سوچ کے انداز دیہی طرز کے ہوں۔

اہم نکات:

دیہی کیمونٹی کی عمرانیات مندرجہ ذیل عنوانات کا مطالعہ کرتی ہے:

۱۔ دیہی ساخت و معاشرتی زندگی۔
۲۔ دیہی کیمونٹی کے مسائل۔
۳۔ دیہی کیمونٹی میں معاشرتی تنظیم اور مختلف گروہ۔
۴۔ دیہی کیمونٹی کے مسائل کا حل۔
۵۔ دیہی تفریحات۔

۳۔ بلدیاتی کیمونٹی کی عمرانیات (Sociology of Urban Community):

تعریف:

"عمرانیات کی وہ برانچ جو بلدیاتی ساخت' بلدیاتی مسائل اور بلدیاتی معاشرتی زندگی کے پہلوؤں کا مطالعہ کرے بلدیاتی عمرانیات کہلاتی ہے۔"

وضاحت:

معاشرہ کی آبادی کا وہ حصہ جو گنجان آباد علاقوں میں مقیم ہو اور موجودہ دور کی صنعتی و تعلیمی سہولتیں رکھتا ہو بلدیاتی کیمونٹی کہلاتا ہے۔ دنیا کے ہر معاشرہ میں یہ کیمونٹی پائی جاتی ہے اس کی ساخت بہت پیچیدہ اور رسمی نوعیت کی ہوتی ہے۔ اعلیٰ درجہ کی سہولیات موجود ہوتی ہیں اور معاشرتی تغیر کی رفتار تیز ہوتی ہے۔

اہم نکات:

بلدیاتی کیمونٹی کی عمرانیات کے مندرجہ ذیل عنوانات کا مطالعہ کرتی ہے:

۱۔ بلدیاتی ساخت اور معاشرتی زندگی۔
۲۔ بلدیاتی مسائل کی وجوہات اور ان کا حل۔
۳۔ دیہی و بلدیاتی کیمونٹیز کے درمیان تعلق۔
۴۔ بلدیاتی ادارے اور بلدیاتی تفریحات۔

۴۔ تعلیم کی عمرانیات (Sociology of Education):

تعریف:

"عمرانیات کی وہ شاخ جو تعلیم کے مقاصد، وظائف، مسائل اور اس کے معاشرہ پر اثرات کا مطالعہ کرے، تعلیم کی عمرانیات کہلاتی ہے۔"

وضاحت:

تعلیم سے مراد شعور اور آگہی حاصل کرنا ہے۔ تعلیم نے معاشرتی زندگی میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ یہ تعلیم ہی ہے کہ جس نے انسان کو شعور دیا اور اس کو سوچنے سمجھنے کی صلاحیت عطا کی۔ تعلیم نے انسانی ضروریات کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انسان نے تعلیم کے ذریعے نئی نئی ایجادات کیں اور دنیا میں عقلی، فکری اور سائنسی انقلاب برپا کر دیا۔

اہم نکات:

تعلیم کی عمرانیات ان اہم نقاط کا مطالعہ کرتی ہے:

۱۔ تعلیم کے مقاصد۔
۲۔ تعلیمی ادارے اور معاشرہ کے مابین تعلق۔
۳۔ تعلیم کے وظائف اور معاشرہ پر پڑنے والے اثرات۔
۴۔ تعلیم کے مسائل اور ان کا حل۔
۵۔ تعلیمی ادارے میں تبدیلیاں۔

۵۔ قانون کی عمرانیات (Sociology of Law):

تعریف:

"عمرانیات کی وہ شاخ جو قانون کی افزائش، ذرائع، وظائف اور معاشرہ میں قانون کی بدولت رونما ہونے والی تبدیلیوں کا مطالعہ کرے، قانون کی عمرانیات کہلاتی ہے۔"

وضاحت:

زندگی گزارنے کے تحریری اصول اور ضابطوں کا نام قانون ہے جس کی خلاف ورزی پر فرد کو سزا ملتی ہے یہ سزا جرمانہ سے لے کر پھانسی تک دی جاتی ہے۔ کسی بھی معاشرہ کا انحصار قوانین پر ہوتا ہے اگر قوانین نہ ہوں تو انسانی معاشرہ اور جنگل میں کوئی فرق باقی نہ رہے۔ قانون افراد کو تحفظ فراہم کرتا ہے اور معاشرہ میں تبدیلی لے کر آتا ہے قانون معاشرہ میں نظم و ضبط کو قائم رکھتا ہے۔ سزا کے

خوف سے لوگ جرم نہیں کرتے اور معاشرہ میں امن قائم رہتا ہے۔

اہم نکات:

قانون کی عمرانیات درج ذیل عنوانات کا مطالعہ کرتی ہے:

۱۔ قانون کی افزائش' قانون سازی کا عمل' ساخت اور نوعیت۔

۲۔ قانون کی اہمیت اور وظائف۔

۳۔ معاشرہ اور قوانین کے درمیان تعلق۔

۴۔ قانون سے پیدا ہونے والی معاشرتی تبدیلیاں۔

۶۔ سیاست کی عمرانیات (Sociology of Politics or Political Sociology):

تعریف:

"سیاست کی ساخت' وظائف' حکومتوں کا عروج و زوال' سیاسی تبدیلیاں اور تحریکیں اور معاشرتی ضبط کا مطالعہ کرنے والی برانچ کو سیاست کی عمرانیات کہتے ہیں۔"

وضاحت:

سیاست حکومت کو چلانے اور اس کے جملہ معاملات کی سمجھ کا نام ہے۔ دنیا کے ہر معاشرہ میں کوئی نہ کوئی سیاسی نظام پایا جاتا ہے جس کے تحت حکومتیں بنتی اور ٹوٹتی ہیں ان میں جمہوریت' آمریت' اور بادشاہت کی نوعیت کے طرز حکمرانی اہم ہیں۔ حکومت کے بننے اور ٹوٹنے میں معاشرے کے افراد کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ ووٹ ڈالتے ہیں اور حکومت بنتی ہے لہٰذا سیاسی معاملات' افراد اور معاشرہ میں گہرا تعلق ہے۔

اہم نکات:

سیاست کی عمرانیات درج ذیل عنوانات کا مطالعہ کرتی ہے:

۱۔ سیاسی نظام کی ساخت' نوعیت اور تبدیلیاں۔

۲۔ حکومتوں کے عروج وزوال کی وجوہات۔

۳۔ سیاسی ادارے اور معاشرتی ضبط میں تعلق۔

۴۔ انتخابی عمل اور سیاسی جماعتیں۔

۵۔ سیاسی تبدیلیاں اور معاشرتی وسیاسی تحریکیں۔

۶۔ ووٹ ڈالنے کے معاشری انداز۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> حکومتوں کے عروج وزوال کا مطالعہ سیاست کی عمرانیات کہلاتا ہے۔

۷۔مذہب کی عمرانیات (Sociology of Religion):

تعریف:

"عمرانیات کی وہ برانچ جو اقدار و عقائد، مذہب کی ساخت و وظائف، مذہبی رسومات اور ان میں رونما ہونے والی تبدیلیوں سے متعلق ہو، مذہب کی عمرانیات کہلاتی ہے۔"

وضاحت:

عقائد اور افعال کا نظام جس کا تعلق مقدس اور ناپاک چیزوں سے ہو مذہب کہلاتا ہے۔ مذہب خاندان کی بنیاد رکھتا ہے اور خاندان معاشرہ بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ دنیا کے بڑے مذاہب میں اسلام، عیسائیت، ہندومت، بدھ مت، سکھ ازم اور دیگر شامل ہیں۔ مذہب انسان کی معاشرتی زندگی کی بنیاد ہے اور یہ پانچ بنیادی اداروں میں سے ایک ہے۔ مذہب افراد میں یکجہتی اور سالمیت پیش کرتا ہے مذہب ہمارے عقائد و افعال سے وابستہ ہے ہماری اقدار مذہب کی مظہر ہیں۔ لوگوں کے عقائد، جذبات، احساسات، افعال و اقدار سب ہی مذہب سے وابستہ ہیں۔

اہم نکات:

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> عمرانیات معاشرہ کی سائنس ہے۔

مذہب کی عمرانیات میں درج ذیل عنوانات کا مطالعہ کرتی ہے:

۱۔ مذہب کی ساخت، نوعیت اور وظائف۔
۲۔ مذہبی اقدار اور عقائد۔
۳۔ مذہب اور معاشرہ میں تعلق۔
۴۔ مذہبی اداروں میں ہونے والی تبدیلیاں۔

۸۔معاشرتی بدنظمی کی عمرانیات (Sociology of Social Disorganization):

تعریف:

"عمرانیات کی وہ برانچ جو معاشرتی بدنظمی کی وجوہات اس کا حل اور اس سے پیدا ہونے والے مسائل کا مطالعہ کرے، معاشرتی بدنظمی کی عمرانیات کہلاتی ہے۔"

وضاحت:

کوہن کے نزدیک کسی بھی سماجی نظام میں تباہی یا بدنظمی سماجی بدنظمی کہلاتی ہے۔ معاشرہ کا تبدیل ہونا لازمی اور فطری ہے۔ کچھ ادارے تیزی کے ساتھ بدلتے ہیں اور کچھ کی رفتار سست ہوتی ہے

جس سے معاشرہ کے اجزاء میں ہم آہنگی نہیں رہتی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ معاشرہ بدنظمی کا شکار ہو جاتا ہے بعض اوقات قدرتی آفات، جنگیں، دہشت گردی یا معاشی کساد بازاری جیسے واقعات بھی معاشرہ میں بدنظمی کا سبب بنتے ہیں۔ معاشرتی بدنظمی معاشرہ میں مسائل کو جنم دیتی ہے جن میں غربت، ناخواندگی، بھوک افلاس، ہیجانی کیفیت، طبقاتی ناہمواری، جرائم وغیرہ شامل ہیں۔ افراد عدم مطابقت کا شکار ہوتے ہیں معاشرہ میں بے چینی پیدا ہوتی ہے۔ افراد کا ذہنی سکون ختم ہو جاتا ہے اور یہ حالت معاشرہ کو تباہی کی طرف لے جاتی ہے۔

اہم نکات:

معاشرتی بدنظمی کی عمرانیات درج ذیل عنوانات کا مطالعہ کرتی ہے:

۱۔ معاشرتی بدنظمی کی ساخت اور نوعیت۔
۲۔ معاشرتی بدنظمی سے پیدا ہونے والے مسائل۔
۳۔ معاشرتی بدنظمی کی وجوہات۔
۴۔ معاشرتی بدنظمی کا حل پیش کرنا۔
۵۔ معاشرتی بدنظمی کے معاشرہ پر پڑنے والے اثرات۔

۹۔ صنعت کی عمرانیات (Industrial Sociology):

تعریف:

"عمرانیات کی وہ برانچ جو مزدور اور مالک کے درمیان تعلق، صنعتی ترقی اور اس کے اثرات اور صنعتی ترقی سے پیدا ہونے والے مسائل کا مطالعہ کرے، صنعت کی عمرانیات کہلاتی ہے۔"

وضاحت:

صنعت و حرفت کی ترقی سے معاشرہ میں جو تبدیلیاں آتی ہیں وہ شاید کسی اور عنصر سے نہیں آتیں۔ صنعتی ترقی کسی بھی ملک کے لئے نہایت ہی اہمیت کا حامل ہوتی ہے۔ اسی لئے اس کا مطالعہ ماہرین عمرانیات کے لئے نہایت اہم ہے۔

اہم نکات:

صنعت کی عمرانیات درج ذیل عنوانات کا مطالعہ کرتی ہے:

۱۔ صنعتی تبدیلیاں اور اس کے اثرات۔

۲۔ مزدور اور مالک کے درمیان تعلق۔
۳۔ صنعت سے پیدا ہونے والی حالتوں اور مسائل۔
۴۔ لیبر یونین، سوشل سیکورٹی اور لیبر قوانین۔

۱۰۔ معیشت کی عمرانیات (Sociology of Economics):

تعریف:

نیل جے سملسر (Smelser) کے بقول:

"اشیاء کی پیداوار، تقسیم، استعمال اور دیگر معاشی سرگرمیوں پر عمرانی تصورات کا اطلاق معیشت کی عمرانیات کہلاتا ہے۔"

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> دہشت گردی کے معاشرتی پہلوؤں کا مطالعہ عمرانیات میں اہم ہے۔

وضاحت:

عمرانیات کی توجہ کا مرکز معاشی سرگرمیاں ہیں جو کہ افراد سرانجام دیتے ہیں۔ معاشی ادارہ پانچ بنیادی اداروں میں سے ایک ہے جس کا دائرہ کار نہایت وسیع ہے۔ معاشی ادارہ کا کام دیگر تمام اداروں کی معاشی ضروریات پوری کرنا ہے۔

معاشی سرگرمی چاہے کیسی بھی ہو مگر اس کو گروہ یا فرد سرانجام دیتے ہیں۔ اور گروہ عمرانیات میں اہمیت کے حامل ہیں۔

اہم نکات:

اس برانچ میں درج ذیل عنوانات کا احاطہ کیا جاتا ہے:

۱۔ معیشت کی ساخت اور نوعیت۔
۲۔ معیشت میں ہونی والی تبدیلیاں اور اس کے معاشرہ پر پڑنے والے اثرات۔
۳۔ معاشی سرگرمیوں میں سرانجام دینے والے افراد کے درمیان تعلقات، منصب اور کار منصب کی تقسیم۔
۴۔ معاشی گروہوں کی ساخت، نوعیت اور ان کے درمیان تفاعل۔

۱۱۔ دہشت گردی کی عمرانیات (Sociology of Terrorism):

تعریف:

"عمرانیات کی وہ برانچ جو دہشت گردی کی سماجی و نفسیاتی وجوہات، اس کے معاشرہ پر

اثرات اور اس کے حل کا مطالعہ کرے دہشت گردی کی عمرانیات کہلاتی ہے۔"

وضاحت:

لوگوں کی جان' مال کو نقصان پہنچانا جس سے لوگوں میں وہشت اور خوف و ہراس پھیلے' دہشت گردی کہلاتا ہے۔ دہشت گردی معاشرہ سے جنم لیتی ہے معاشرہ کے لوگوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔ جو لوگ اس گھناؤنے عمل میں شامل ہوتے ہیں دہشت گرد کہلاتے ہیں۔ دہشت گردی ایک معاشرتی اور نفسیاتی مظہر (Phenomenon) ہے۔ لوگ مختلف معاشرتی اور نفسیاتی وجوہات کی وجہ سے دہشت گرد بنتے ہیں جب تک ان وجوہات کو دور نہیں کیا جاتا تب تک دہشت گردی جیسے واقعات ہوتے رہیں گے۔

اہم نکات:

اس کے اہم عنوانات میں یہ شامل ہیں:

۱۔ دہشت گردی کی نوعیت' شدت اور ساخت کا مطالعہ۔
۲۔ دہشت گردی کی معاشرتی و نفسیاتی وجوہات کا جاننا۔
۳۔ دہشت گردی کی وجوہات اور اس کے معاشرہ پر پڑنے والے اثرات کا مطالعہ۔
۴۔ دہشت گردی کا ان وجوہات کی روشنی میں حل تلاش کرنا۔

ان کے علاوہ ادب کی عمرانیات، آرٹ کی عمرانیات، تفریح کی عمرانیات، تاریخ کی عمرانیات بھی موضوعات ہیں۔

اہم سوالات

- ۱۔ عمرانیات سے کیا مراد ہے؟ مختلف ماہرین کی نظر میں بحث کیجئے۔
- ۲۔ عمرانیات کے اہم دائرہ کار لکھیں۔

☆☆☆

www.downloadclassnotes.com

مختصر سوالات وجوابات

☐ درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب دیں اور کوئی بھی جواب دو یا تین سطروں سے زیادہ نہ ہو۔

1- عمرانیات کی تعریف کریں؟ یا عمرانیات سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ "عمرانیات معاشرے کی سائنس ہے۔" (سمنر)

2- عمرانیات کے کوئی سے چار اہم دائرہ کار بتائیں؟

جواب: عمرانیات کا دائرہ کار بہت وسیع ہے اس نے انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا ہوا ہے ان میں سے چار اہم دائرہ کار یہ ہیں۔

(i) خاندان (ii) دیہی کیمونٹی (iii) صنعتی عمرانیات (iv) جرم کی عمرانیات

3- خاندان کی عمرانیات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: عمرانیات کی وہ برانچ جو خاندان کی ابتداء، ارتقائی منازل، خاندان کے وظائف اس میں ہونے والی تبدیلیاں' خاندان کا معاشرہ سے اور معاشرہ کا خاندان سے تعلق اور ان میں ہونے والی تبدیلیوں وغیرہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

4- دیہی کیمونٹی کی عمرانیات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: عمرانیات کی وہ برانچ جو دیہی ساخت' معاشرتی زندگی' دیہی مسائل اور دیہی ثقافتی انداز کا مطالعہ کرے۔ اسے دیہی عمرانیات کہتے ہیں۔

5- صنعتی عمرانیات سے کیا مراد ہے / تعریف کریں؟

جواب: عمرانیات کی وہ برانچ جو مزدور اور مالک کے درمیان تعلق، صنعتی ترقی اور اس کے اثرات اور صنعتی ترقی سے پیدا ہونے والے مسائل کا مطالعہ کرے' صنعت کی عمرانیات کہلاتی ہے۔

6- معاشرتی بدنظمی کی عمرانیات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: عمرانیات کی وہ برانچ جو معاشرہ میں انتشار، معاشرتی بدنظمی کی وجوہات اس سے پیدا ہونے والے مسائل اور اس کے حل کا مطالعہ کرے معاشرتی بدنظمی کی عمرانیات کہلاتی ہے۔

7- سیاست کی عمرانیات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: عمرانیات کی وہ برانچ جو سیاسی اداروں کے ساخت و ظائف، حکومتوں کا عروج وزوال، معاشرتی ضبط کے ادارے، انتخابات و سیاسی جماعتیں اور سیاسی تبدیلیاں و تحریکوں کا مطالعہ کرے سیاست کی عمرانیات کہلاتی ہے۔

8- بلدیاتی کیمونٹی کی عمرانیات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: عمرانیات کی وہ برانچ جو بلدیاتی ساخت و معاشرتی تغیر، بلدیاتی مسائل اور بلدیاتی معاشرتی زندگی

کا مطالعہ کرے وہ بلدیاتی کمیونٹی کی عمرانیات کہلاتی ہے۔

9- قانون کی عمرانیات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: قانون کی افزائش، اہمیت و وظائف، قانون کا معاشرتی تبدیلیوں سے تعلق، قانون و معاشرتی ضبط اور قانون کے معاشرہ پر پڑنے والے اثرات کا مطالعہ قانون کی عمرانیات میں کیا جاتا ہے۔

10- ماحول کی عمرانیات کو مختصراً بیان کریں یا تعریف کریں؟

جواب۔ انسانی سرگرمیاں ہمارے اردگرد کے ماحول کو متاثر کرتی ہیں اور ہمارے اردگرد کا ماحول ہماری ثقافت، رہن سہن، لباس، رسم و رواج کو متاثر کرتا ہے۔ اس کا مطالعہ عمرانیات کی جس برانچ میں کیا جاتا ہے اسے ماحول کی عمرانیات کہتے ہیں۔

11- مذہب کی عمرانیات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: عمرانیات کی ایسی شاخ جو مذہبی اقدار، مذہب کی معاشرتی زندگی میں اہمیت و کردار، مذہبی عقائد و افعال وغیرہ کا مطالعہ کرتی ہے مذہب کی عمرانیات کہلاتی ہے۔

12- عمرانی طب دماغی سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: عمرانی طب دماغی میں ایسے نتائج کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو فرد اور معاشرہ کے ٹکراؤ کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ ان میں ڈیپریشن، دماغی الجھنیں، دباؤ، دماغی پریشانی و انتشار اور دوسری نفسیاتی بیماریوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

13- تعلیم کی عمرانیات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: تعلیم کی عمرانیات میں تعلیم کا مقصد، اس کے حصول میں معاشرتی مسائل، تعلیم کی ضرورت معاشرہ اور تعلیمی نظام کا تعلق، استاد شاگرد کے تعلقات، تعلیمی اداروں میں ہنگامہ آرائی جیسے پہلوؤں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

14- عمرانیات کے نفس مضمون میں کوئی سے چار اہم موضوعات بتائیں؟

جواب: عمرانیات کے نفس مضمون میں یہ چار موضوعات نہائیت اہم ہیں۔
(i) معاشرتی گروہ (ii) ثقافت (iii) معاشرتی مسائل (iv) معاشرتی ادارے

15- اطلاقی عمرانیات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: سماجی مسائل کو حل کرنے کے لئے عمرانیاتی علم کو بروئے کار لانے والی برانچ کو اطلاقی عمرانیات کہتے ہیں۔

16- بنیادی عمرانیات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: بنیادی عمرانیات ایک ایسی برانچ ہے جو صرف انسانی زندگی کے سماجی پہلوؤں کا مطالعہ کرتی ہے۔ اور اس کا تعلق صرف تحقیق و مطالعہ کی حد تک ہوتا ہے۔ اس میں مسائل کو حل نہیں کیا جاتا صرف ان کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

-17 **معیشت کی عمرانیات سے کیامراد ہے یاتعریف کریں ؟**

جواب: نیل جے سملسر کے بقول اشیاء کی پیداوار تقسیم، استعمال اور دیگر معاشی سرگرمیوں پر عمرانی تصورات کا اطلاق معیشت کی عمرانیات کہلاتا ہے۔

-18 **دہشت گردی کی عمرانیات سے کیامراد ہے یاتعریف کریں ؟**

جواب: ''عمرانیات کی وہ برانچ جو دہشت گردی کی سماجی و نفسیاتی وجوہات، اس کے معاشرہ پر اثرات اور اس کے حل کا مطالعہ کرے دہشت گردی کی عمرانیات کہلاتی ہے۔''

-19 **علم عمرانیات کی ابتداء کے دو محرکات تحریر کریں۔**

جواب: (1) فرانس کا صنعتی انقلاب (2) سرمایہ دارانہ نظام

کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

□ مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب پر (✓) کریں۔

-1 عمرانیات مطالعہ کرتی ہے؟
(a) معاشرتی تعلقات (b) جانوروں (c) فلکیات (d) ادب

-2 عمرانیات کے مطالعے میں زیادہ اہمیت کا حامل ہے؟
(a) خاندان (b) معاشیات (c) صنعت وحرفت (d) سیاسیات

-3 فرد اور معاشرہ میں تناؤ کا مطالعہ کون سے شعبے میں کیا جاتا ہے؟
(a) معاشرتی بدنظمی (b) عمرانی طب دماغی (c) جرمیات (d) قانون کی عمرانیات

-4 تربیت کے مسائل عمرانیات کے کونسے شعبے میں مطالعہ کئے جاتے ہیں؟
(a) معاشرتی بدنظمی (b) معاشرتی نفسیات (c) خاندان (d) معاشرتی گروہ

-5 جب مزدور اور مالکان کے درمیان جھگڑا ہو جائے تو عمرانیات کی کونسی شاخ کام آتی ہے؟
(a) صنعتی عمرانیات (b) سیاسی عمرانیات
(c) معاشرتی نفسیات (d) بلدیاتی عمرانیات

-6 طلباء اور استاد کے درمیان معاشرتی تعلق کون سی عمرانیات میں اہم ہے؟
(a) خاندان (b) تعلیمی عمرانیات (c) ادب کی عمرانیات (d) سماجی نفسیات

-7 کلاسیکی عمرانیات کا بانی کون ہے؟
(a) ابن خلدون (b) امام غزالی (c) کارل مارکس (d) ایف۔ ای میرل

-8 ذرائع ابلاغ کا مطالعہ عمرانیات کے کس شعبہ میں کیا جاتا ہے؟
(a) معاشرتی نفسیات (b) تعلیمی عمرانیات (c) تاریخی عمرانیات (d) خاندان

-9 جدید عمرانیات کا بانی کہا جاتا ہے؟
(a) آگسٹ کومٹے (b) میکس ویبر (c) ڈرخائم (d) امام غزالی

SOCIOLOGY NOTES FOR 1st YEAR CLASS (PUNJAB)

-10 معاشرہ میں بنیادی ادارے ہیں؟
(a) دو (b) تین (c) آٹھ (d) پانچ

-11 عمرانیات کو اداروں کی سائنس کہا؟
(a) پارسنز نے (b) ڈرخائم نے (c) سمنر نے (d) ٹیماشیف نے

-12 عمرانیات کی جامع ترین تعریف؟
(a) ٹیماشیف (b) سمنر (c) ٹالکٹ پارسنز (d) میکائیور

-13 عمرانیات کے مطالعہ میں اہم ہے۔
(a) فرد (b) انسانی گروہ (c) جانور (d) کوئی بھی نہیں

-14 دیہی عمرانیات میں کس کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟
(a) بلدیاتی زندگی (b) فوجی تنظیم (c) دیہی زندگی (d) سیاسی زندگی

-15 لفظ سوشیالوجی کس کے ذہن کی پیداوار ہے؟
(a) سمنر (b) ابن خلدون (c) آگست کامٹے (d) ایمائل ڈرخائم

-16 عمرانیات کو سماجی عمل کے مطالعے کا علم قرار دیا؟
(a) سمنر نے (b) میکس ویبر نے (c) سپنسر نے (d) ابن خلدون نے

-17 حکومتوں کے عروج وزوال کا مطالعہ کون سی عمرانیات میں اہم ہے؟
(a) مذہب (b) سیاسی (c) سماجی (d) دیہی

-18 شہری آبادی کا مطالعہ کرتی ہے؟
(a) بلدیاتی عمرانیات (b) دیہی عمرانیات (c) جنگ کی عمرانیات (d) قانون کی عمرانیات

-19 جرم کا مطالعہ کرتی ہے؟
(a) جرم کی عمرانیات (b) سیاست کی عمرانیات
(c) خاندان کی عمرانیات (d) مذہب کی عمرانیات

-20 مذہب کی عمرانیات مطالعہ کرتی ہے؟
(a) مذہب کا (b) سیاست کا (c) علماء کرام کا (d) مدرسوں کا

-21 "عمرانیات معاشرہ کی سائنس ہے" کس کا قول ہے؟
(a) سمنر کا (b) ڈرخائم کا (c) میکس ویبر کا (d) آگسٹ کومٹے کا

-22 معاشرتی زندگی کے تمام پہلوؤں کا مطالعہ کرتی ہے؟
(a) معاشیات (b) نفسیات (c) سیاسیات (d) عمرانیات

-23 عمرانیات کے نفس مضمون میں شامل جزو؟
(a) معیشت (b) حیوان (c) معاشرتی مسائل (d) فیشن

-24 تعلیم کے مسائل مطالعہ کیے جاتے ہیں؟
(a) جرم کی عمرانیات (b) سیاست کی عمرانیات

www.downloadclassnotes.com

(c) تعلیم کی عمرانیات (d) معاشرتی مسائل میں

25- سوشیالوجی کتنے الفاظ کا مجموعہ ہے؟
(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

26- سوشس کس زبان کا لفظ ہے؟
(a) انگریزی (b) یونانی (c) لاطینی (d) فرانسیسی

27- لاگس کس زبان کا لفظ ہے؟
(a) انگریزی (b) یونانی (c) لاطینی (d) فرانسیسی

28- آگسٹ کومٹے نے عمرانیات کا نام رکھا؟
(a) معاشرتی حیاتیات (b) معاشرتی نفسیات (c) معاشرتی طبعیات (d) سیاسیات

29- عمرانیات کون سے مسائل حل کرتی ہے؟
(a) سماجی (b) حیاتیاتی (c) طبعی (d) نفسیاتی

30- سوشیالوجی کا ابتدائی نام؟
(a) معاشرتی فزکس (b) معاشرتی علوم (c) تاریخ (d) انسانیات

31- عمرانیات کا بنیادی فریضہ؟
(a) تحقیق (b) معاشرتی بہبود (c) تعلیم (d) اشاعت

32- علم العمران کا بانی؟
(a) خلدون (b) کومٹے (c) مارکس (d) ویبر

33- ابن خلدون نے علم عمرانیات کا کیا نام رکھا؟
(a) علم القلم (b) علم العمران (c) علم معاشرہ (d) کوئی نہیں

34- ابن خلدون کی شہرہ آفاق تصنیف کا نام؟
(a) حکمت (b) دانائی (c) سماجی علوم (d) مقدمہ

جوابات

(b) -6	(a) -5	(b) -4	(b) -3	(a) -2	(a) -1
(b) -12	(b) -11	(d) -10	(a) -9	(a) -8	(a) -7
(a) -18	(b) -17	(b) -16	(c) -15	(c) -14	(c) -13
(c) -24	(c) -23	(a) -22	(a) -21	(a) -20	(a) -19
(a) -30	(a) -29	(c) -28	(b) -27	(c) -26	(a) -25
		(d) -34	(b) -33	(a) -32	(a) -31

-35 عمرانیات کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

(a) سوشیالوجی (b) سائیکالوجی (c) ہسٹری (d) ذوالوجی

-36 ابن خلدون پہلا مسلمان ماہر ــــــــ تھا؟

(a) عمرانیات (b) نفسیات (c) سائنسدان (d) ریاضی دان

-37 خاندان کی عمرانیات میں اہم موضوع؟

(a) مہنگائی (b) ناخواندگی (c) طلاقیں (d) دہشت گردی

-38 شہری یا بلدیاتی کمیونٹی کی عمرانیات میں اہم موضوع؟

(a) بلدیاتی مسائل (b) بلدیاتی ساخت (c) ناخواندگی (d) a & b

-39 تعلیم کے وظائف اور مسائل کا مطالعہ اہم ہیں؟

(a) خاندان کی عمرانیات (b) تعلیم کی عمرانیات

(c) صحت کی عمرانیات (d) کوئی نہیں

-40 معاشرہ کے اعضاء کہلاتے ہیں؟

(a) خاندان (b) گروہ (c) معاشرتی ادارے (d) زمین

-41 کس نے عمرانیات کو معاشرتی اداروں کی سائنس قرار دیا؟

(a) ابن خلدون (b) ڈرخائم (c) کارل مارکس (d) کومٹے

-42 کون سا علم دہشت گردی کا مطالعہ کرتا ہے؟

(a) عمرانیات (b) سوکس (c) تعلیم (d) اسلامیات

-43 کومٹے کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(a) امریکہ (b) فرانس (c) جرمنی (d) انگلینڈ

-44 ابن خلدون کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(a) عراق (b) تیونس (c) شام (d) مصر

-45 لفظ سوشس کے معنی؟

(a) فرد (b) افراد (c) جانور (d) ثقافت

-46 لفظ لوگس کے معنی؟

(a) باضابطہ مطالعہ (b) عمرانیات (c) افراد (d) تجربہ

جوابات

(a) -35	(a) -36	(c) -37	(d) -38	(b) -39	(c) -40
(b) -41	(a) -42	(b) -43	(b) -44	(b) -45	(a) -46